## مسودہ شرائط کنٹونمنٹ بورڈ گوجرانوالہ

## نوٹس نیلام برائے حقوق وصولی شاپ بورڈ فیس

ہر خاص و عام کی اطلاع کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ گوجرانوالہ شاپ بورڈ فیس کی وصولی کے حقوق عرصہ تین سال (از یکم جولائی 2022 تا30 جون 2025) مورخہ 03 اگست 2022 کو 11 بجے دن منعقد ہوگی۔ اگر مقررہ تاریخ پر بولی کا حتمی فیصلہ نہ ہوسکا تو دوبارہ نیلامی مورخہ 04 اگست 2022 بوقت 11 بجے دن و سہہ بارہ نیلامی مورخہ 05 اگست 2022 بوقت 11 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ گوجرانوالہ چھاؤنی منعقد ہوگی۔ خواہشمند حضرات موقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

### شرائط وضوابط

1۔ بولی میں حصہ لینے والے اشخاص اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپیاں جمع کروائیں گے۔

2۔ ہر بولی دہندہ بولی میں حصہ لینے سے قبل مبلغ پانچ لاکھ روپے زر بیعانہ بشکل بنک ڈرافٹ / کال ڈیپازٹ بنام کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر گوجرانوالہ چھاؤنی جمع کرائے گا جو کہ کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر بولی دہندہ کے علاوہ باقی سب کو بولی کے اختتام پر واپس کر دیا جائے گا، نقد کیش وصول نہیں کیا جائے گا۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کے اختتام پر اپنی کل بولی کا 1/4 حصہ جمع کرائے گا۔ اگر کامیاب بولی دہندہ نے 1/4 رقم موقع پر جمع نہ کروائی تو جمع شدہ زر بیعانہ ضبط تصور ہوگا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کی زر ضمانت ٹھیکہ کی میعاد کی کامیاب تکمیل اور آڈٹ رپورٹ کے بعد واپس کی جائے گی۔ ناکامی کی صورت میں جمع شدہ رقم ضبط کر لی جائے گی اور ٹھیکہ کینسل کر دیا جائے گا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ بولی پر مروجہ قوانین کے مطابق ٹیکسز جمع کروانے کا پابند ہوگا

6۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی منظور ہونے کی صورت میں کل رقم سہ ماہی اقساط میں بشکل پوسٹ ڈیٹڈ چیکس ایڈوانس جمع کروانی ہوگی۔

7۔ ٹھیکہ کی معیاد تین سال ہے۔ جبکہ بولی سالانہ بنیاد پر ہوگی جس میں پہلے سال کے اختتام پر 10% سالانہ اضافہ ہوگا۔

8۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کی منظوری مجاز اتھارٹی کی اطلاع ملنے کے 15 دن کے اندر تحریری معاہدہ کرنے کیلئے اپنے خرچ پر اشٹام پیپرز مہیا کرے گا۔

9۔ زیر دستخطی کو اختیار حاصل ہے کہ دوران ٹھیکہ 15 دن کے نوٹس پر ٹھیکہ ختم کر دے اس صورت میں کسی قسم کا زر تلافی ادا نہیں کیا جائے گا۔

10۔ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ Sub-Let کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ کینٹ بورڈ ٹھیکیدار کے کسی نفع و نقصان کا ہرگز ذمہ دار نہ ہوگا۔

11۔ بولی تابع منظوری مجاز اتھارٹی ہوگی اور کینٹ بورڈ کے نادہندہ بولی میں حصہ نہیں لے سکیں گے۔

12۔ کامیاب بولی دہندہ بورڈ کے منظور شدہ ریٹس کے مطابق فیس وصولی کرے گا۔ اور زیر دستخطی جو ہدایات وقتاً فوقتاً جاری کرے گا اس پر عمل کرنے کا پابند ہوگا۔

13۔ نیلامی بمطابق قواعد وضوابط PPRA Rules 2004 عمل میں لائی جائے گی۔

14۔ کینٹ بورڈ / ایگزیکٹو آفیسر کو اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی بھی بولی کو PPRA Rules, 2004 کے رول نمبر (1)33 کے تحت تکنیکی و انتظامی بنیادوں پر مسترد کر دیں۔

15۔ یہ نوٹس PPRA کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔ دیگر شرائط اور مزید معلومات کے لیے دفتر ہذا سے دوران اوقات کار میں رابطہ کریں۔

مشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

گوجرانوالہ چھاؤنی